كَلَّا إِنَّ الْإِنسَانَ لَيَطْغَىٰ أَن رَّآهُ اسْتَغْنَىٰ

مگر انسان سرکش ہو جاتا ہے جب کہ اپنے تیئں غنی دیکھتا ہے

Quran with Urdu Translation

Fateh Muhammad Jalundhary

(فتح محمد جالندهري)

سورة العلق

Urdu Translation اردو ترجمہ

Click This Bar to Listen Audio

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

(اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) اپنے پروردگار کا نام لے کر پڑھو	.1
جس نے (عالم کو پیدا کیا) جس نے انسان کو خون کی پھٹکی سے بنایا	.2
پڑھو اور تمہارا پروردگار بڑا کریم ہے	.3
جس نے قلم کے ذریعے سے علم سکھایا	.4
اور انسان کو وہ باتیں سکھائیں جن کا اس کو علم نہ تھا	.5
مگر انسان سرکش ہو جاتا ہے	.6
جب کہ اپنے تیئں غنی دیکھتا ہے	.7

.8	کچھ شک نہیں کہ (اس کو) تمہارے پروردگار ہی طرف لوٹ کر جانا ہے
.9	بھلا تم نے اس شخص کو دیکھا ہے جو منع کرتا ہے
.10	(یعنی) ایک بندے کو جب وہ نماز پڑھنے لگتا ہے
.11	بھلا دیکھو تو اگر یہ راہ راست پر ہو
.12	یا پرہیز گاری کا حکم کرے (تو منع کرنا کیسا)
.13	اور دیکھ تو اگر اس نے دین حق کو جھٹلایا اور اس سے منہ موڑا (تو کیا ہوا)
.14	کیا اس کو معلوم نہیں کہ خدا دیکھ رہا ہے؟
.15	دیکھو تو اگر وہ باز نہ آئے گا تو ہم (اسکی) پیشانی کے بال پکڑ کر گھسیٹیں گے
.16	یعنی اس جھوٹے خطاکار کی پیشانی کے بال
.17	تو وہ اپنے یاروں کی مجلس کو بلا لے
.18	ہم بھی اپنے مؤکلان دوزخ کو بلائیں گے
.19	دیکھو اس کا کہنا نہ ماننا اور سجدے کرکے قرب (خدا) حاصل کرتے رہنا ۩

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com